O

غم اگر سنگِ میل ہے، تو ہے
منزلوں کی دلیل ہے، تو ہے

نہ گوارہ ہو آپ کو، تو نہ ہو
وہ ہمارا وکیل ہے، تو ہے

قربتیں باعثِ عداوت ہیں
فاصلہ ہی فصیل ہے، تو ہے

چین کے پل تو بس حوادث ہیں
اور اداسی طویل ہے، تو ہے

کیا کرو گے عماد سے مل کر
اب وہ اتنا علیل ہے، تو ہے

https://emad-ahmed.com/